Telephone Conversation between PM and President of the Republic of Uganda

April 09, 2020

جمہوریہ یوگنڈا کے صدر اور صدر کے مابین ٹیلی فون پر گفتگو

09 اپریل، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج جمہوریہ یوگنڈا کے صدر عالی جناب یووری کگوٹا موسیونی سے ٹیلیفون پر بات چیت کی۔

دونوں رہنماؤں نے کووڈ 19 وبائی مرض سے پیدا ہونے والے صحت اور معاشی چیلنجوں پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے عالی جناب صدر موسیونی کو یقین دلایا کہ ہندوستان موجودہ صحت کے بحران کے دوران افریقہ میں اپنے دوستوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، اور یوگنڈا کی حکومت کی جانب سے اپنے علاقے میں اس وائرس کے پھیلاؤ پر قابو پانے کے کوشش میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔

وزیر اعظم نے موجودہ صورتحال سمیت، میزبان حکومت اور سوسائٹی کے طرف سے یوگنڈا میں موجود ہندوستانی ڈاسپورا کی خیر سگالی اور دیکھ بھال کے لئے اظہار تشکر کیا۔

وزیر اعظم نے جولائی 2018 میں یوگنڈا کے اپنے دورے کو گرم جوشی سے یاد کیا، اور ہندوستان-یوگنڈا تعلقات کی خصوصی نوعیت کا بھی ذکر کیا۔

دونوں رہنماؤں نے اس امید کا اظہار کیا کہ دنیا جلد ہی کووڈ 19 کے چیلنج پر قابو پالے گی۔

نئی دہلی

09 اپریل، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.